सिन्दबाद, अलीबाबा
अलादीन

سندباد
علی بابا
اور
الہ دین

اداکاران
ہیروپیا کماری۔ بھگوان
شکیلہ خاں جبنو ممتاز
آغا

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اعلیٰ پریس دہلی

گانے سندباد علی بابا اور الہ دین فلم کے لئے

گانا نمبر ۱

لائی بھر کے محبت کے جام
میرے پیار کا لے لو سلام
آج ساقی کے ہاتھوں سے پی لو
مل رہی ہے نئی زندگی لو
دو گھڑی ہنس کے دنیا میں جی لو
زندگی ہنس کے جینے کا نام
میرے پیار کا ......
چھیڑ کر حسن یہ ساز دل کا
آج بدلا ہے انداز دل کا
کھل نہ جائے کہیں راز دل کا
لٹ نہ جائیں یہ جلوے تمام ۔ میرے پیار ...
روٹھی روٹھی نگاہ کرم ہے
دیکھو تم کو ہماری قسم ہے
بے رخی چھوڑ دو وقت کم ہے
روز آتی نہیں ایسی شام ۔ میرے پیار ...

نمبر ۲: یہ حسین نظارے منظر ہیں سارے
آجا صنم دل پکارے

آرزو جواں ہے۔ جانے تو کہاں ہے
جاگے ہیں ارماں ہمارے
رنگ میں ڈوبی جائے فضا۔ مہکی مہکی جائے ہوا
آج نہیں ہے دل قابو میں۔ موسم نے دیوانہ کیا
آنچلوں کے سائے۔ آسماں پہ چھائے
دل کو کرے دل انتارے... یہ حسین نظارے...
تو آجائے کاش یہاں۔ اور نکھر جائے یہ سماں
کب سے تجھ کو ڈھونڈ رہا ہے حسن کا یہ بیتاب جہاں
پیار کے یہ وعدے وہ جوان ارادے
دیتے ہیں تجھ کو سہارے یہ حسین نظارے...
ہل چل سی جذبات میں ہے۔ مدہوشی ہر بات میں ہے
جان دفا اک نبری کمی ہے۔ ساری دنیا ساتھ میں ہے
آبھی جاؤ دلبر تجھ سے دور رہ کر ہیں نے بہت دن گذارے
یہ حسین نظارے...

نمبر۳:- لئی لئی ہولا لئی لئی۔ لئی لئی ہولا لئی
سر پر ٹوپی لال پہن کر ترکی بن گئی
نا میں یونانی ہوں۔ نا میں ایرانی ہوں
تیری دیوانی ہوں۔ میں اللہ قسم
دل لے کے آئی ہوں۔ محفل میں چھائی ہوں
واللہ کہاں ہوں میرے صنم
میں وہ شمع ہوں جس کی کھوج میں پروانے ہیں کئی

ہی ہی مولا ہی ہی۔۔۔
رنگین اشارے ہیں۔ دلکش نظارے ہیں
یہ سب تمہارے ہیں جانِ جہاں
نظریں لڑاتے ہو۔ دل بھی بچاتے ہو
چھُپ چھُپ کے جاتے ہو تو کہاں
ایک بار تو مڑ کر دیکھ تو یہ کہتا ہے ہی
ہی ہی مولا ہی ہی۔۔۔
یہ دُنیا فانی ہے۔ دو دن جوانی ہے
شعلہ ہے پانی سے پھر کیا ڈر
قاتل نگاہوں سے لہراتی باہنوں سے
چاہت کی راہوں سے مِل کے گذر
بیزار ہیں انتظار میں آنکھیں میری
ہی ہی مولا ہی ہی۔۔۔
لڑکی:۔ کیا جواں رات ہے بہاروں کی
شمع روشن ہے چاند تاروں کی
کوئی جو مجھے دیکھے۔ وہ دُنیا کو بھولے
کچھ ایسا میری آنکھوں میں جادو ہے صنم
ذرا او دل والے نگاہیں تو ملا لے
بچے تو دِل بچا لے تجھے اللہ کی قسم
کیا جواں رات ہے۔۔۔
لڑکا:۔ جانِ حاضر ہے بیقراروں کی

یہ تیرا مسکرانا۔ نغمہ گانا ہے دلوانہ
نگاہِ مستانہ۔ کوئی جام تو دے
بہکتا جلوں میں۔ بہکتا جلوں میں
زمانہ مجھے تیرا ہی دلوانہ کہے
لڑکی:۔ مستیاں دیکھ لو نظاروں کی
کیا جواں رات ہے....
نمبر۵:۔ میرا نام جنی سونے کی گنی۔ چاندی کی گڑیا
جادو کی پڑیا
واللہ ذرا آزمانا
او میرے مالک او میرے آقا۔ ہوش میں آکر دیکھ مجھے
دنیا میری اور میں تیری۔ آنکھ ملا کر دیکھ مجھے
قابو میں میرے ہے سارا زمانہ
میرا نام جنی....
میں شہزادی حسن و وفا کی۔ دیکھ ذرا انداز میرا
شمع محبت دل میں جلا کے چھیڑے جو دل کا ساز میرا
گاؤں میں ہر دم اسی کا ترانہ
میرا نام جنی....
آج سے پہلے کوئی دلوانہ۔ میری نظر میں آنہ سکا
دیکھ وہ دولت تجھ کو ملی ہے۔ کوئی بھی جسکو پا نہ سکا
ملتا ہے قسمت سے ایسا خزانہ
میرا نام جنی....

نمبر ۸:- آج ہے گلفام سے بھی بڑھ کر تیری شان
اللہ مہربان تو گدھا پہلوان
جانے تو ذات کا دھوبی یا کوئی نائی ہے
ہے کوئی چور یا موچی ہے یا حلوائی ہے
جو بھی ہے اپنے لئے ہے مجھے اس بات سے کیا
بادشاہت تیری قسمت میں مگر آئی ہے
قدموں میں تیرے ہے تخت سلیمان
اللہ مہربان تو گدھا پہلوان
ایسی صورت تو نہیں تھی کہ تجھے حور ملے
فرش مخمل پہ چلے کھانے کو انگور ملے
تو نے سوچا بھی نہ ہوگا کہ تیری راتوں کو
حسن والوں کے حسین جلووں کا یہ نور ملے
قسمت کا سارا ہے کھیل میری جان
اللہ مہربان تو گدھا پہلوان
کل تلک ٹھنڈے پڑے تھے تیرے گھر کے چولھے
آج باہوں میں حسینوں کی تو جھولا جھولے
بخت پہ تجھ اتنا مہربان ہے اوپر والا
آج تو چاہے تو یہ چاند ستارے چھو لے
حاضر ہیں آج سبھی عیش کے سامان
اللہ مہربان تو گدھا پہلوان

ختم شد

پامسٹری عُرف خط التقدیر

علم سامدرک یعنی ہاتھ کی ریکھائیں دیکھکر تقدیر کا پچھلا اگلا حال معلوم کیجئے۔ اس لاجواب کتاب میں ہاتھ کے مختلف فوٹو دیکر ایک ایک ریکھا کو اچھی طرح سمجھایا گیا ہے۔ جو ایک معمولی لکھا پڑھا انسان بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ اس علم کو سیکھکر آپ ہزار ہا روپیہ پیدا کر سکتے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۰ محصولڈاک معاف

بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا

بغیر بجلی کے چلنے والا ریڈیو بہت کم لاگت سے گھر بیٹھے بنانا سیکھئے۔

قیمت صرف ۱/۔ محصولڈاک معاف

فلمی ہارمونیم گائڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں۔ کسی دوسری چیز کو نہیں اور پھر فلمی گانوں کو بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اس لئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۔ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

پراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس 1/4/-	فومنچو کا سایہ 4/-/-
" " حصہ دوم 1/4/-	فومنچو کی بیٹی 4/-/-
تین نقاب پوش 1/-/-	ڈاکٹر فومنچو 3/-/-
دہلی کے عیاش 1/-/-	ڈاکٹر فومنچو کا انتقام 3/-/-
خونی نشان 1/-/-	سمندری ڈاکو 1/-/-
ڈاکو شمشاد 1/-/-	باپ کا قاتل 1/-/-
خونی شہزادہ 1/-/-	خونی چھڑی 1/-/-
بہادر ٹارزن 1/8/-	تین ڈاکو 1/-/-
چینی فرشتہ 1/4/-	دو لاشیں -/12/-
جادوگر جاسوس 1/4/-	خونی کھنڈر -/12/-
جادوگر حسینہ 1/4/-	پراسرار سانپ -/12/-
موت کا مینار 1/4/-	گردش دوراں 3/8/-
خونی چراغ 1/8/-	چلتا پرزہ 1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی